**09.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

……………………………….

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کشمیر وادی میں پہلی مال بردار ٹرین کے پہنچنے کی ستائش کی ہے جو خطے کو قومی باربرداری نیٹ ورک کے ساتھ جوڑے گی۔
☆ وزیر اعظم کل بینگلورو میں تین وندے بھارت ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔
☆ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے دوران بھارتی فضائی فوج نے پاکستان کے پانچ لڑاکا جیٹ ہوائی جہازوں سمیت چھ طیاروں کو مار گرایا تھا۔
☆ گذشتہ سال بھارت کی دفاعی سامان کی برآمدات23ہزار کروڑ روپئے تک پہنچ گئیں۔ دفاعی تحقیق اور ترقی کے محکمے کے سکریٹری کے مطابق اگلے دو تین سال میں یہ دوگنا ہوجائے گی۔
☆ قومی راجدھانی میں شدید بارش کی وجہ سے ایک دیوار گرنے کے واقعے میں سات افراد کی موت ہوگئی۔
☆ اور بہار کے راجگیر میں 20سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیا Rugby ٹورنامنٹ میں بھارت نے مردوں اور خواتین دونوں زمروں میں جیت کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کیا ہے۔

……………………………….

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Rev. PM Kashmir Freight Train**

وزیر اعظم نریندر مودی نے وادیِ کشمیر میں پہلی مال بردار ریل گاڑی کی آمد کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی ہے کہ یہ خطے کو قومی مال بردار نظام سے مربوط کرنے میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کی سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ جموں و کشمیر میں تجارت اور کنیکٹیوٹی کیلئے ایک اہم دن ہے اور اِس سے ترقی اور خوشحالی، دونوں میں اضافہ ہوگا۔ جناب ویشنو نے اپنی پوسٹ میں کہا تھا کہ آج پنجاب سے وادیِ کشمیر میں سامان کیلئے مخصوص کیے گئے نئے اننت ناگ Shed پر پہلی مال بردار ٹرین پہنچی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے نظام کے ذریعے نقل و حمل سے وادیِ کشمیر کے باشندوں کیلئے لاگت میں کمی آئے گی۔

اِس ریل گاڑی نے 18 گھنٹے سے کم وقت میں تقریباً 600 کلو میٹر کا سفر کیا اور اِس کی 21بوگیوں میں

سیمنٹ تھا۔ اِس سنگ میل کے ساتھ وادیٔ کشمیر، اب مکمل طور پر بھارتی ریلوے کے مال بردار کوریڈور سے مربوط ہوگئی ہے، جس سے خطے میں اور خطے سے سامان کی بلا رکاوٹ نقل وحمل کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ اِس اقدام سے نقل وحمل کی کم لاگت کے ذریعے مقامی معیشت میں نمایاں طور پر بہتری کا بھی امکان ہے اور اِس سے سامان کو لانے لے جانے میں غیر یقینی کی صورتحال بھی ختم ہوگی کیونکہ سرینگر– جموں شاہراہ پر چٹانوں کے ٹکرے گرنے اور سڑک کے دھنس جانے سے اکثر رکاوٹ رہتی ہے۔ مال بردار ٹرین کے آنے سے سال بھر کنیکٹیوٹی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

## PM Karnataka

وزیر اعظم نریندر مودی کل کرناٹک کے ایک دن کے دورے پر رہیں گے۔ جناب مودی بینگلورو میں KSR ریلوے اسٹیشن پر تین وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ اِن میں بینگلورو سے بیلگاوی تک، امرتسر سے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ تک اور ناگپور سے پونے تک ٹرین شامل ہوں گی۔

اس کے بعد وزیر اعظم بینگلورو میٹرو کی Yellow لائن ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور RV روڈ سے الیکٹرانک سٹی میٹرو اسٹیشن تک میٹرو میں سفر کریں گے۔ جناب مودی بینگلورو میں شہری رابطوں Ragigudda کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ ساتھ ہی وہ ایک عوامی تقریب سے خطاب بھی کریں گے۔جناب مودی 15ہزار 610 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے بینگلور میٹرو کے تیسرے مرحلے کے پروجیکٹ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ مذکورہ پروجیکٹ کا روٹ مجموعی طور پر 44 کلو میٹر سے زیادہ کا ہوگا اور اس میں زمین کے اوپر بنائے گئے 31اسٹیشن شامل ہوں گے۔

ادھر جنوب مغربی ریلوے کے جنرل منیجر مُکُل چندر ماتھر نے بتایا کہ تیز رفتار وندے بھارت ٹرینوں سے علاقائی رابطوں میں نمایاں اضافہ ہوگا، سفر میں کم وقت لگے گا اور مسافروں کو عالمی معیار کی سہولت ملے گی۔

S/B 2100 Mukulchandra Mathur

## PM Kakori

وزیر اعظم نریندر مودی نے 1925 کے کاکوری واقعے میں شامل انقلابیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور اِس واقعے کو نوآبادیاتی راج کے خلاف لڑائی میں ایک اہم لمحے سے تعبیر کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ ایک صدی پہلے تعاون نہ کرنے کے قدم سے برطانوی استحصال کے خلاف بڑھتی ہوئی ناراضگی کی عکاسی ہوئی اور اسے اُن کی دلیری اور قربانی کیلئے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی کاکوری ٹرین ایکشن کو حب الوطنی اور بہادری کی علامت قرار دیتے ہوئے انقلابیوں کی عزت افزائی کی۔ انھوں نے اِس بات کا تذکرہ کیا کہ کس طرح رام پرساد بسمل، چندر شیکھر آزاد اور اشفاق اللہ خان نے تحریک آزادی کیلئے سرمایہ حاصل کرنے کی خاطر کاکوری اسٹیشن کے نزدیک ایک ریل گاڑی سے برطانوی خزانے کے فنڈ کو لوٹ کر 9اگست 1925 کو ایک مہم کی کمان سنبھالی تھی۔اترپردیش میں کاکوری ٹرین ایکشن کی یاد میں آج مختلف پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اِس واقعے کو دلیری اور بہادری کی ایک مثال قرار دیا اور کہا

کہ اِس سے ''ملک پہلے'' کے جذبے کے ساتھ شہریوں کو تحریک ملتی رہے گی۔اِدھر پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت سہگل نے لکھنؤ میں کا کوری آرٹ گیلری میں دستاویز کے عنوان سے ایک نمائش کا افتتاح کیا جس میں نایاب اور تاریخی اخباروں کو دکھایا گیا ہے۔x

## PM Har Ghar Tiranga

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس بات پر خوشی کا اظہار کیا ہے کہ ملک بھر میں ہر گھر ترنگا میں بڑے پیمانے پر لوگ شامل ہو رہے ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ اِس سے حب الوطنی کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے، جو بھارت کے عوام کو متحدہ کرتا ہے اور ترنگے کیلئے فخر کے اُن کے احساس کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے لوگوں سے کہا کہ پورٹل 'ہر گھر ترنگا ڈاٹ کام، پر اپنی تصویریں اور سیلفی شیئر کرتے رہیں۔ x

## Karnataka Air Chief

فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت نے آپریشن سندور کے دوران پاکستان کے پانچ لڑاکا ہوائی جہاز گرائے تھے۔ انہوں نے یہ بات آج بنگلورو میں 16ویں ایئر چیف LM Katre لیکچر دیتے ہوئے کہی۔ فضائیہ کے سربراہ نے کہا کہ بھارت نے پاکستان کی فضائی فوج کے پانچ طیاروں اور ایک AWaCS طیارے کو بھی مار گرایا تھا۔ ویڈیو فوٹیج کے ساتھ تفصیل سے بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کم از کم پانچ لڑاکا طیارے اور ایک بڑا طیارہ گرایا گیا، جو یا تو ELINT طیارہ تھا یا پھر AEW&C طیارہ ہوسکتا ہے۔

S/B 1400 A P Singh Akash

ایئر چیف مارشل نے بتایا کہ اِن طیاروں کو تقریباً 300 کلو میٹر کی دوری سے مار گرایا گیا، جو زمین سے فضا میں وار کرنے کی اب تک کی سب سے بڑی کارروائی کہی جاسکتی ہے۔انھوں نے اِس بات کا بھی تذکرہ کیا کہ ہمارے میزائلوں نے Shahbaz جیکب آباد ایئر فیلڈ کو بھی تباہ کردیا اور وہاں F-16طرز کے کچھ ہوائی جہازوں کو بھی نقصان پہنچا۔

S/B 1400 AIR Chief on Fighter Jets

## India's Defence Exports

گذشتہ سال بھارت کی دفاعی سامان کی برآمدات 23ہزار کروڑ روپئے تک پہنچ گئی اور اگلے دو تین سال میں اِس کے دوگنا ہونے کی امید ہے۔ آج پونے میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دفاعی تحقیق اور ترقی کے محکمے کے سکریٹری اور ڈیفنس انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانسڈ ٹیکنالوجی کی گورننگ کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر سمیر کامت نے کہا کہ مغربی ایشیاء کے ساتھ ساتھ افریقی اور جنوب ایشیائی ملکوں میں بھارت کے دفاعی سازوسامان کی کافی مانگ ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ چھوٹے برہموز میزائل تیار کرنے کا کام جاری ہے اور ہلکے Zorawar ٹینک بنانے کا کام بھی تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ ڈیفنس انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانسڈ ٹیکنالوجی کی تقسیم اسناد کی 14ویں

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران بھارتی مسلح افواج کو DRDO کے اندرونِ ملک تیار کردہ ہتھیاروں، اسلحہ اور سازوسامان سے کافی مدد ملی۔ انھوں نے کہا کہ میزائل اور سازوسامان کی تیاری میں پوری طرح خود کفالت حاصل کرنے کیلئے محکمۂ دفاع کی صنعت اور تعلیمی اداروں کی معاونت سے 15 خصوصی مراکز قائم کئے جارہے ہیں۔x

**Prez Rakshabandhan**

بھائی اور بہن کے پیار کے رشتے کی علامت رکشا بندھن کا تہوار، آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندرمودی نے اِس موقع پر لوگوں کو مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ پوتر تہوار، معاشرے میں ہم آہنگی اور اتحاد کے جذبے کو فروغ دیتا ہے اور بھائی اور بہن کے درمیان پیار اور اعتماد کے منفرد رشتے کی عکاسی کرتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے عوام پر زور دیا کہ وہ ایک ایسا خوشحال ملک تعمیر کرنے کا عہد کریں جہاں ہر خاتون محفوظ محسوس کرے اور ملک کی ترقی میں سرگرمی کے ساتھ تعاون کرسکے۔

**Punjab Anti Drone System**

آج پنجاب نے ایک نئے Anti Drone System باز آنکھ کا آغاز کیا، جس کا مقصد سرحد پار سے منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام کرنا ہے۔ ترن تارن میں تین یونٹ تعینات کیے گئے ہیں اور مزید 6بعد میں کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ بھگونت مان نے کہا ہے کہ یہ نظام، پٹھان کوٹ سے فاضِلکا سرحد پر دفاع کی دوسری سطح کے طور پر کام کرے گا اور سرحدی حفاظتی فورس کے ساتھ تال میل میں اِس کی سرگرمیاں انجام دی جائیں گی۔ اِس سسٹم کو ریاست کو غیرقانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کرنے والے ڈرونس کو فوری طور پر ناکارہ کرنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ x

**Uttarakhand Rescue**

اتراکھنڈ میں اترکاشی ضلعے میں دھرالی اور ہرسل کے قدرتی آفات سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کی کارروائی زور وشور سے جاری ہے۔ اب تک ایک ہزار سے زیادہ افراد کو بچایا گیا ہے۔ ریاستی سرکار نے قدرتی آفت میں پوری تباہ ہونے والے مکانوں کیلئے پانچ–پانچ لاکھ روپئے کی فوری امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ متاثرہ لوگوں کی بازآبادکاری اور اُن کی روزی روٹی کے سلسلے کو مستحکم بنانے کیلئے تین ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔x

**Delhi Rain Death**

قومی راجدھانی میں رات بھر ہوئی شدید بارش کے سبب آج صبح ساؤتھ–ایسٹ ڈسٹرکٹ میں جیت پور کے نزدیک ایک دیوار کے ڈھ جانے سے 7افراد ہلاک اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔ اِن میں دو بچے اور ایک خاتون شامل ہیں۔ مہلوکین میں زیادہ مائیگرینٹ ورکرس تھے۔ PCR کال کے بعد دلّی پولیس، آگ بجھانے کا عملہ اور قدرتی آفات کے بندوبست سے متعلق قومی فورس کے اہلکار، جائے حادثہ پر پہنچے اور انہوں نے پھنسے ہوئے لوگوں

تک پہنچنے کیلئے ملبے کو ہٹایا۔ سبھی زخمیوں کو ایمس کے ٹراما سینٹر اور صفدر جنگ اسپتال لے جایا گیا۔ کوششوں کے باوجود علاج کے دوران 7افراد کی موت ہوگئی۔x

## IMD Rainfall

بھارتی موسمیات محکمے نے کل اتراکھنڈ میں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور مغربی اور مشرقی اترپردیش میں کل شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ساحلی آندھرا پردیش، مغربی مدھیہ پردیش، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکّم، اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بھی کل شدید بارش ہوسکتی ہے۔ x

## India US Russia

بھارت نے اِس ماہ کی 15 تاریخ کو Alaska میں میٹنگ کیلئے امریکہ اور روسی فیڈریشن کے درمیان ہوئی مفاہمت کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اِس میٹنگ سے یوکرین میں جاری لڑائی کے ختم ہونے اور امن کے امکانات کی قوی امید ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے مختلف موقعوں پر یہ کہا ہے کہ یہ دَور، جنگ کا نہیں ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اِسی لیے بھارت، آئندہ سربراہ میٹنگ کی توثیق کرتا ہے اور اِن کوششوں میں مدد کیلئے تیار ہے۔ x

## USA Fire

امریکہ میں جنوبی کیلیفورنیا میں جنگل کی آگ کے تیزی سے پھیلنے کی وجہ سے ہزاروں لوگوں سے محفوظ جگہوں پر چلے جانے کو کہا گیا ہے۔ جمعرات کی دوپہر سے جنگل کی آگ میں تیزی آنے سے آگ 4ہزار 800ایکڑ سے زیادہ رقبے میں پھیل گئی ہے اور لاس اینجلس کاؤنٹی میں داخل ہوگئی ہے۔ 400سے زیادہ آگ بجھانے والے عملے کے افراد 38ڈگری سیلسیس گرمی میں آگ پر قابو پانے کی کوشش کررہے ہیں۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ آگ سے مزید علاقے متاثر ہوسکتے ہیں، کیونکہ آگ تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔×

## Bihar Asia Rugby

آج بہار کے راج گیر میں بین الاقوامی اسپورٹس کمپلیکس میں 'Asia Rugby Under-20 Sevens چمپئن شپ' کا آغاز ہوا۔ مردوں کے افتتاحی مقابلے میں سری لنکا نے ہانگ کانگ کو ہرایا، جبکہ بھارت نے UAE کو 24پوائنٹس سے شکست دی۔ خواتین کے زمرے میں بھارت نے اپنے پہلے میچ میں قزاخستان کو ہرایا۔ 9ملکوں سے 16ٹیمیں اِس چمپئن شپ میں حصہ لے رہی ہیں، جن میں 192 کھلاڑی، 32 کوچ اور 50 تکنیکی اہلکار شامل ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆